Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

13 ستمبر 2023

- صدرِ مملکت نے انتخابات کی تاریخ کے تعیّن کے حوالے سے آرٹیکل 48(5) کے تحت اپنا دستوری فریضہ سرانجام دیا، کور کمیٹی تحریک انصاف
- صدرِ مملکت نے معاملہ سپریم کورٹ آف پاکستان کو بجھوایا ہے۔
- پوری قوم کی نگاہیں اب سپریم کورٹ پر لگی ہیں۔
- سپریم کورٹ کیلئے لازم ہے کہ دستور کے حوالے سے اپنا آئینی کردار نبھائے اور الیکشن کمیشن کو دستور کی طے شدہ مدت یعنی 6 نومبر تک انتخاب کے انعقاد کا پابند بنائے۔
- صدرِ مملکت کا اقدام خوش آئند ہے، عوام کیلئے اب کسی قدر سکھ کی سانس ممکن ہے۔
- صدرِ مملکت کے اقدام کے بعد قوم میں امید جاگی ہے کہ بالآخر عوام کی منتخب حکومت حلف لے گی اور ملک کو گھمبیر سیاسی اور معاشی مسائل سے نکالنے کی تدبیر کرے گی۔

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk